11/02/2025

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

انرجی ویک

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک دہائی میں بھارت پانچ ویں بڑی معیشت بن گیا ہے۔نئی دلی میں آج انڈیا انرجی ویک 2025 کی افتتاحی تقریب پر ورچول وسیلے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کی شمسی توانائی پیدا کرنے کی صلاحیت میں 32 گنا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت شمسی توانائی سے بجلی پیدا کرنے والا تیسرا سب سے بڑا ملک ہے۔

واضح رہے کہ کینیڈا، جرمنی، جاپان، امریکہ اور برطانیہ سمیت دس ممالک اس تقریب میں اپنے پویلین قائم کررہے ہیں ۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی۔میٹنگ کے بعد، عمر عبداللہ نے کہا کہ انہوں نے وزیر داخلہ کے ساتھ کئی اہم امور پر تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ میٹنگ میں جموں و کشمیر کی ریاستی درجہ کی بحالی، سلامتی کی صورتحال، حکمرانی اور اسمبلی کے آئندہ بجٹ اجلاس جیسے موضوعات کا احاطہ کیا گیا۔

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ عمر عبداللہ کی وزیر داخلہ کے ساتھ تیسری ملاقات ہے۔ واضح رہے کہ عہدہ سنبھالنے کے فوراً بعد وزیر اعلیٰ نے 23 اکتوبر 2024 کو نئی دلی کے اپنے پہلے دورے کے دوران مرکزی وزیر داخلہ سے ملاقات کی تھی۔ جبکہ دوسری میٹنگ 19 دسمبر 2024 کو ہوئی، جس دوران انہوں نے جموں و کشمیر کے لیے ریاستی درجہ کی بحالی اور یونین ٹیریٹری کی منتخب حکومت کو درپیش چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا تھا۔

سپیکر

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر کی صدارت میں ہاؤس کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں قانون ساز اسمبلی کے مختلف ارکان کی طرف سے اُٹھائے گئے مسائل پر غور و خوض کیا گیا۔

میٹنگ میں اسمبلی میں حزب اِختلاف کے لیڈرسنیل کمار شرما، اراکین اسمبلی غلام احمد میر ، نذیر احمد خان ،سرجیت سنگھ سلاتھیہ، علی محمد ڈار، جاوید حسن بیگ، چودھری محمد اکرم اور وحید الرحمان پرہ بھی موجود تھے۔

سپیکر موصوف نے اراکین کو یقین دِلایا کہ ان کے تمام جائز مطالبات بالخصوص رہائش کے مسائل جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔۔

جاوید احمد رانا

ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے ضلعی انتظامیہ پونچھ کو جاری ترقیاتی کاموں کو تیز کرنے کی ہدایت دی ۔ ضلع میں ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جل جیون مشن، مرکزی حکومت اور یوٹی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر پونچھ اور سیکٹورل سربراہوں کو جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے کہا۔

ضبطی

مرکزی وزارت صحت نے اعلان کیا ہے کہ سال 2024 کے دوران 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی منشیات ضبط کی گئی ہیں۔ یہ مقدار، سال 2023 میں ضبط کی گئی 16 ہزار کروڑ روپے مالیت کی مقدار سے 55 فیصد زیادہ ہے۔ یہ ضبطی ،وزارت کی منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کا حصہ ہے۔

کپواڑہ

ضلع کپواڑہ میں منشیات کے استعمال پر قابو پانے کے لئے ڈپٹی کمشنر کپواڑہ ، آیوشی سودن کی صدارت کے تحت نارکو کوآرڈینیشن کی ضلعی سطح کی کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی۔

میٹنگ میں ڈی سی موصوف نے افسران کو ایسے مقامات کی نشاندہی کرنے کو کہا جہاں خفیہ طور منشیات کا استعمال کیا جا رہا ہو ۔ انہوں نے منشیات کے مضر اثرات پر اسکولوں اور کالجوں میں سمینار اور دیگر بیداری پروگرام منعقد کرنے پر بھی زور دیا۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ڈی سی آفس گاندربل میں ڈسٹرکٹ لیول کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں HADP کے تحت موصول ہونے والے زراعت ، باغبانی ، جانوروں اور دیگر شعبوں کے 444 معاملات کو منظوری دی گئی۔ کمشنر موصوف نے متعلقہ محکموں کے لئے مقررہ مدت کے اندر اہداف کو پورا کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

کولگام

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلع میں بائیو میڈیکل ویسٹ مینجمنٹ کے نفاذ کا جائزہ لیا۔

انہوں نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ اسپتال میں جمع ہونے والے بائیو میڈیکل کچرے کو الگ کرنے کے علاوہ رہنما خطوط پر عمل آوری کو یقینی بنائے۔

یونانی ڈے

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں یونانی ڈے پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ اس موقع پر سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ بھی موجود رہیں گے۔

واضح رہے کہ گیارہ فروری ،ہر سال مشہور یونانی طبیب، ماہر تعلیم اور آزادی پسند رہنما حکیم اجمل خان کے یوم پیدائش کے اعزاز میں یونانی ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔

بین الاقوامی دن

"آج سائنس میں خواتین اور لڑکیوں کا بین الاقوامی دن ہے۔ اس سال کا موضوع ہے
Unpacking STEM careers: Her Voice in Science" -

اقوام متحدہ اس دن کو مختلف شعبوں میں خواتین کی مکمل اور مساوی رسائی نیز شرکت کو فروغ دینے کے لئے مناتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋